سوال

شادی کا ارادہ ہو لیکن اس کی طاقت نہ پانے والے کو نصیحت

جواب

الحمد للہ

اول :

آدمی کا امور شرعیہ میں مناقشہ کرنا اور اس میں وقت گذارنا اس کے لیے سب سے نفع مند کام ہے ، اس لیے کہ طلب علم فرض اور عبادت کا درجہ رکھتا ہے اور اس کام میں مصروف ہے جو اسے اور دوسروں کے لیے بھی نفع مند ہے ۔

ایک بات یاد رکھنی چاہیے کہ جب مناقشہ میں کسی مسئلہ میں مشکل پیش آئے تو انہیں چاہیے کہ وہ اس کو علماء کرام سے پوچھ لیں ۔

دوم :

فسق وکفر والے ممالک میں رہنے والوں کے لیے نصیحت ہے کہ وہ مسلم ممالک کی طرف ھجرت کریں جہاں پر دنیاوی فتنے نہیں پائے جاتے ، اور اسے وہاں بھی شادی کے لیے عورتیں مل جائیں گی اور یہ عورتیں ایک دوسرے سے بڑھ کر ہیں لیکن ان میں اختیار وہ کرنی چاہیے جو (دینی ناحیہ سے) اچھی ہو ۔

اور ہم اسے یہ نصیحت کریں گے کہ وہ ایسا ماحول ترک کردے جہاں پر اس کے قدم پھسلنے کا خطرہ ہے ، چاہے وہ رہائشی یا کام کرنے اور یا پھر پڑھائی کا ماحول ہو ۔

اور ہم اسے یہ بھی نصیحت کریں گے کہ وہ جتنی جلدی ہوسکے شادی کرلے اور ایسی صالحہ لڑکی اختیار کرے جو اسے مہر اور دوسری فرمائشوں سے تنگ نہ کرتی رہے ۔

یہ بھی نصیحت کرتے ہیں کہ اگر وہ شادی کی طاقت نہیں رکھتا تو اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرتے ہوئے حرام کردہ اشیاء کی طرف نہ دیکھے اور نہ ہی حرام کردہ اشیاء سنے اور حرام کی طرف جانے اور اسے چھونے سے بھی باز رہے ، اور اس کے لیے روزے اور نماز اور دعاء اور صالح قسم کے دوست واحباب سے تعاون حاصل کرے ، اور اپنے وقت کو گزارنے کے لیے طلب علم اور حفظ قرآن اور دعوت الی اللہ میں مصروف رہے اس لیے کہ اگر نفس کو اللہ تعالی کی اطاعت میں مصروف نہ رکھا جائے تو وہ اللہ تعالی کی معصیت میں مشغول ہوجائے گا ۔

سوم :

ولی الامر اور نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کو ہماری نصیحت ہے کہ وہ شادی کے لیے تکمیل تعلیم کا بہانہ نہ بنائیں اور اسے رکاوٹ نہ بنائیں ۔

تحصیل علم میں شادی رکاوٹ کب بنی تھی ؟ بلکہ تجربہ اور واقع تو اس کے برعکس اور اس پر شاھد ہے کہ شادی تو تحصیل علم میں ممد اور معاون ثابت ہوتی ہے ، اس لیے کہ ذھن ہر قسم کے غلط خیالات سے صاف شفاف ہوجاتا اور سوچ وفکر میں راحت آجاتی ہے ، بلکہ اس سے بڑھ کر یہ ہے کہ اس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نوجوانوں کو شادی والے حکم کی تعمیل کرنے میں جلدی ہے ۔

اور نوجوانوں کے اولیاء کے ذمہ بھی ہے کہ وہ نوجوانوں کو ایسی فرمائشیں کرکے جن میں اسراف اور زیادتی ہو تنگ نہ کریں ، اور صرف وہ چیز ہی طلب کریں گھر اور عورت کی

ضرورت ہو، اورانہیں یہ علم ہونا چاہیے کہ شادی طلب رزق کے اسباب میں سے ایک سبب ہے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی کے فرمان کا ترجمہ کچھ اس طرح ہے :

اور تم میں سے جومرد وعورت شادی شدہ نہ ہوں ان کا نکاح کردو اوراپنے نیک بخت غلام لونڈیوں کا بھی اگروہ مفلس بھی ہوں گے تو اللہ تعالی انہیں اپنے فضل سے غنی بنا دے گا ، اللہ تعالی کشادگی والا اور علم والا ہے النور (32) ۔

واللہ تعالی اعلم .